
پہلا سبق

# عام حادثے

ایک دن منظور سائکل میں جاوید کو بیٹھا کر بات چیت کرتے ہوے جا رہا تھا۔ راستے پر اس کا دھیان نہیں تھا۔ اچانک اس کے آگے ایک کتا آ گیا۔ منظور سائکل کو روک نہیں سکا۔ دونوں نیچے گر پڑے نیچے گر کر چیخنے لگے اور زخمی ہو گیے۔ اسی وقت منظور کے ماموں اسی راستے سے جا رہے تھے۔ ان لوگوں کی اس حالت کو دیکھ کر پریشان ہوے اور غصہ بھی۔ ان لوگوں کو اٹھا کر کہا'' ہوشیاری سے سائکل چلانے سے اس طرح کا حادثہ نہیں ہوتا۔ عام طور پر لا پرواہی کی وجہ سے روزمرہ کی زندگی میں اس طرح کے حادثے ہوتے رہتے ہیں۔

نیچے دونوں تصویروں میں سے کس تصویر میں حادثہ ہونے کا اندیشہ ہے اور کیوں؟ ہر ایک تصویر کے نیچے لکھیے )




جیسے یہاں پر حادثہ ہونے کا اندیشہ ہے۔ کیوں کہ ریل گاڑی آ رہی ہے اور پھاٹک بند ہے۔ اس کے باوجود لوگ اور سائکل چلانے والے اس کے اندر سے باہر آنا جانا کر رہے ہیں۔




یہاں پر حادثہ ہونے کا اندیشہ نہیں ہے۔ کیوں کہ ریل گاڑی آتی ہوئی دیکھ کر لیول کراسنگ پر گاڑی چلانے والے اور دوسرے لوگ ریل گاڑی پار ہو جانے تک کا انتظار کر رہے ہیں۔

ہر ایک قطار میں رہنے والی دو تصویروں میں سے کون سی تصویر آپ کو پسند ہے اور کیوں؟























































اوپر کی تصویروں سے ہمیں معلوم ہوا کہ حادثہ کس وجہ سے ہوتا ہے۔



**کیا آپ جانتے ہیں**

جو کوئی واقعہ اچانک رونما ہو کر ہمیں نقصان پہنچاتا ہے اور دکھ دیتا ہے اسے ہم حادثہ کہتے ہیں۔

آیے ہم جانیں کہ کیا کرنے سے ہم حادثے کا سامنا نہیں کریں گے۔

☆ چاقو، ہنیٹھی، تیز دھاروں والے اوزار سے کاٹ چھانٹ کرتے وقت بے دھیان نہیں ہوں گے۔

☆ چولھے سے دور بیٹھیں۔ اپنے کپڑے سے باورچی خانہ کے سامان کو نہیں پکڑیں گے۔

☆ کلہاڑی سے لکڑی کاٹتے وقت یا کدال سے مٹی کھودتے وقت ہوشیاری برتیں گے۔

☆ سلائی مشین یا دوسری کسی طرح کی مشین چلاتے وقت خوب دھیان اور ہوشیاری سے چلائیں گے۔ جیسے کہ ہمارے

جسم کا کوئی بھی حصہ مشین کے اندر نہ چلا جایے۔

☆ بجلی کی چیزوں کو استعمال کرتے وقت چھوٹے بچوں کو دور رکھیں گے۔ بھیگے ہویے ہاتھوں سے بجلی کی چیزوں کو استعمال نہیں کریں گے۔

☆ مین شوئچ کو بند کرنے کے بعد ہی بجلی کے تاروں اور دوسری چیزوں کی مرمت کریں گے۔

☆ راستہ کے قانون کو مان کر (ٹرافک کے قانون) چلیں گے۔

☆ آگ کے ساتھ نہیں کھیلیں گے۔

☆ چھت کے کنارے کھڑے نہیں ہوں گے۔

☆ پٹاخوں کو دور رکھ کر پھوڑیں گے۔

☆ ریل گاڑی آ رہی ہو تو لیول کراسنگ کو پار نہیں کریں گے۔ اگر پھاٹک بند ہو تو اس کے کھلنے کا انتظار کریں گے۔

حادثے کے بعد کی ابتدائی کاروائی:

حادثہ ہونے کے بعد اس آدمی کو ابتدائی علاج کے لیے اسپتال لے جانے سے قبل کچھ ابتدائی کاروائی کرنی پڑتی ہے۔ جس سے اس آدمی کو زیادہ نقصان نہیں ہوتا ہے۔ اس طرح کے علاج کو ابتدائی علاج کہا جاتا ہے۔ اونچے درجہ میں اس کے متعلق زیادہ جانکاری حاصل ہوگی۔ پھر بھی ہم یہاں چند آسان ابتدائی علاج کے بارے میں تذکرہ کریں گے۔

زخمی ہوئی جگہ سے خون نکل رہا ہو تو خون نکلنے والی جگہ میں کپڑا باندھ کر خون بند کرنے کی کوشش کریں گے۔

ہڈی ٹوٹ گئی ہوتو اسی ٹوٹی ہڈی کو لکڑی سے باندھ کر فوراً اسپتال بھیج دیں گے۔

جلی ہوئی جگہ کو جلن کم ہونے تک ٹھنڈے پانی کے اندر ڈبو کر رکھیں گے۔ ادھر ادھر کا علاج نہ کر کے فوراً ڈاکٹر کے پاس لے جائیں گے۔

اسی طرح سے آپ روزمرہ کی زندگی میں دیکھنے اور سننے والے حادثوں کے متعلق بیان کیجیے اور نیچے دی گئی جدول میں اس طرح کے حادثے ہو جانے پر آپ کس طرح سے اس کی ابتدائی علاج کریں گے لکھیے۔

| حادثے کا بیان | کیا کیا ابتدائی علاج کرو گے |
|---|---|
| دیوار میں کیل ٹھونکتے وقت ہتھوڑے کی مار ہاتھ میں لگ جانے سے چمڑے کے نیچے خون جم گیا ہے۔ | زخم کی جگہ پر برگ یا ٹھنڈا پانی کا استعمال کیا جایے۔ |
| | |
| | |
| | |
| | |

ابتدائی علاج بکس:





# مشق

1۔ کس کس جگہ کیا کیا حادثہ ہوسکتا ہے ان سے بچنے کے لیے کس طرح کی ہوشیاری برتنی چاہیے اسے نیچے لکھیے۔

| جگہ | کس طرح کا حادثہ ہوسکتا ہے | کیا کیا ہوشیاری برتنی چاہیے |
| --- | --- | --- |
| باورچی خانہ | | |
| بجلی کے سامان استعمال کرتے وقت | | |
| چھت پر پتنگ اڑاتے وقت | | |
| راستہ پار ہوتے وقت | | |
| آتش بازی کرتے وقت | | |

2۔ صحیح جواب کے سامنے (✓) نشان غلط جواب کے سامنے ( x ) نشان لگائیے۔

(i) ہری بتی جلنے سے راستہ پار ہونا۔ ☐

(ii) گرم گرم چیز ہاتھ سے اٹھانا۔ ☐


(iii) راستہ میں سائکل سے جاتے وقت گروپ بنا کر چلنا۔ ☐

(iv) کائی لگی ہو یا تیل گری ہو چٹان کے اوپر آنا جانا کرنا۔ ☐

(v) کھیل کے قانون کو مان کر کھیلنا۔ ☐

(vi) بھیگے ہاتھ سے بجلی کے سامان کی سوئچ کو نہیں دبانا۔ ☐

3۔ لاپرواہی برتی جایے تو کیا ہوگا لکھیے :








آپ کے لیے کام:

☆ پچھلے پندرہ دنوں کے اخبار میں چھپے ہوے ایک حادثہ کے بارے میں لکھیے ۔ کیا کرنے سے یہ حادثہ نہیں ہوتا اس بارے میں آپ اپنا خیال ظاہر کیجیے۔

☆ آپ کے اسکول میں ہوئے کسی حادثہ کے بارے میں بیان کر کے اس کی وجہ اور لیے گیے ابتدائی اقدام کے بارے میں لکھیے۔